یوم قرارداد، افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرنے کے ساتھ طب سے وابستہ افراد کیلئے بھی ہے: سربراہ جنرل ہسپتال

مشکل کی اس گھڑی میں جو اپنی قیمتی جانوں کی پروا کئے بغیر انسانیت کی خدمت کرنے میں مصروف عمل ہیں

نسل نو کو قیام پاکستان کے مقاصد اور تحریک پاکستان کے بارے میں آگاہ کرنا ہماری ذمہ داری ہے: پروفیسر الفرید ظفر

نوجوان معرض وطن کی ترقی، خوشحالی اور معاشی بحالی کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائی جائیں: پرنسپل پی جی ایم آئی

لاہور 23 مارچ:...... پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹیٹیوٹ و جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے کہا کہ 23 مارچ تجدید عہد کا دن ہے اور آج کے دن بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی قیادت میں برصغیر کے مسلمانوں نے جس عزم و ہمت کے ساتھ ایک نئے وطن کے حصول کی جدوجہد کے ساتھ قرارداد منظور کی آج ایک مرتبہ پھر ضرورت اس امر کی ہے کہ تحریک پاکستان والا جذبہ دوبارہ پیدا کیا جائے اور معرض وطن کی ترقی، خوشحالی اور معاشی بحالی کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ دن طب کے پیشہ سے تعلق رکھنے والے تمام افراد کو بھی دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت کرنے کے عزم کی طرف توجہ دلاتا ہے تاکہ وہ بطور ڈاکٹر، نرسز اٹھائے گئے اپنے حلف کی پاسداری کو مقدم رکھیں۔ اس موقع پر ڈاکٹر لیلیٰ شفیق، ڈاکٹر عبدالعزیز و دیگر انتظامی ڈاکٹرز بھی موجود تھے۔

پروفیسر الفرید ظفر نے ڈاکٹرز، نرسز، پیرامیڈکس کو یوم پاکستان کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ یوم قرارداد پاکستان، افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرنے کے ساتھ ساتھ طب سے وابستہ افراد کیلئے بھی ہے جو اس مشکل وقت میں اپنی قیمتی جانوں کی پروا کئے بغیر انسانیت کی خدمت کرنے میں مصروف عمل ہیں۔ جنرل ہسپتال میں ڈیوٹی پر موجود ملازمین سے گفتگو میں پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ 23 مارچ کو ہمارے پیارے وطن کے نظریے کی بنیاد رکھی گئی تھی، یہ ملک آزادی کے علم کو ہمیشہ بلندیوں پر لہراتا رہے گا۔ خوشحالی اور کامیابیاں اس کے قدم چومیں گی اور یہ عالمی سطح پر اپنے وقار اور طاقت کو مزید تقویت دیتا رہے گا۔ پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ نسل نو کو قیام پاکستان کے مقاصد اور تحریک پاکستان کے بارے میں آگاہ کرنا ہماری ذمہ داری ہے تاکہ وہ آنے والے کل میں ملک کو روشن اور ترقی یافتہ بنانے میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ وطن عزیز ہمارے بزرگوں نے بے پناہ قربانیاں دے کر حاصل کیا ہے، 23 مارچ ہمیں اس عزم پر مزید پختہ کرتا ہے کہ ہم اس دھرتی کی حفاظت اور ترقی کیلئے ہر ممکن کردار ادا کریں گے۔